(مدیر کے نام) قارئین لکھتے ہیں

☆—ماشاء اللہ پرچہ نے ماہانہ شکل وصورت اختیار کرکے اپنے کو ہر کسی کا محبوب بنالیا ہے، علمی متنوع مضامین نے اس کی سیرت کو بھی چار چاند لگادیئے ہیں۔''عالم ناتمام''، ''علماء کی تاریخی سوانح'' اور ''عربی زبان کا تاریخی تناظر'' بہت وقیع مضامین ہیں۔کتب پر تبصروں اور قارئین کے خطوط کا اجراء مزید حسن نکھارے گا۔بطور بسم اللہ تبصرہ کے لیے ''پاکستان میں اسلام کا نظام کیسے قائم ہو'' حاضر ہے۔تعارف کرا کر جذبہ خیز اور جاندار تبصرہ فرمادیں، حکمرانوں اور افسران بالا کو بھیجا مگر نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔حضرت مفتی مولانا زین العابدین رحمہ اللہ پر یہ مضمون وفاق المدارس میں شائع فرمادیں۔اللہ تعالیٰ آپ کی صحت جوانی، تدریس تصنیف اور ادارت برقرار رکھے۔آمین۔والسلام

مولانا حافظ مہر محمد، مہتمم جامعہ قرآن وسنت، میانوالی

❁—آپ کا شکریہ، حضرت مولانا مفتی زین العابدین رحمہ اللہ کی سوانح سے متعلق آپ کا مضمون کسی قریبی شمارے میں شائع کیا جائے گا۔باقی، کتابوں پر تبصرے کا انتظار فرمائیں۔

☆—علمی ترقیاں، قلمی کاوشیں، ادیبانہ عظمتیں اور تدریسی رفعتیں مبارک ہوں۔بھرپور استفادہ کرتا رہتا ہوں اور دعاگو ہوں، اللہ کریم اجرِ عظیم سے نوازیں، مزید ترقیات اور بلند درجات عطا فرمادیں۔ماہنامہ ''وفاق المدارس'' میں سلسلہ تبصرہ کتب کا اجراء مبارک ہو، احسن اقدام ہے، ہم طالب علموں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔والسلام

مولانا عبدالقیوم حقانی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد نوشہرہ:

❁—آپ کی حوصلہ افزائی اور پسندیدگی کا شکریہ۔مزید ترقی ونکھار پیدا کرنے کی کوششیں جاری ہیں، آپ سے دعاؤں کی درخواست ہے۔

☆—آپ نے سہ ماہی وفاق المدارس میں ''روشن مینار'' کے عنوان کے تحت سرحد کے بزرگ حضرت مولانا سید محمود صاحب مدظلہم مقیم حال کراچی کا تعارف تحریر کیا ہے۔آپ سے گزارش ہے کہ آپ برائے کرم ان کا فون نمبر اور خط کا پتہ ارسال فرما کر ممنون فرمادیں۔خدا کرے ہو، زورِ قلم اور زیادہ۔والسلام

ابوالسید سعید احمد شاہ المدنی، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزہرؓ للبنات، بہاول نگر

❁—حضرت اقدس صندل بابا دامت برکاتہم کا پورا پتہ یہ ہے: ضلع دیر، تحصیل وڈاک خانہ واڑی، علاقہ نماک درہ، گاؤں صندل، فون: (0934)888419

☆—بعدۂ آداب! عرض ہے کہ گذشتہ کسی شمارے میں سائل کی نظر سے گزرا ہے کہ ''وفاق المدارس'' نے سہ سالہ نصاب مرتب کیا ہے جس سے عام آدمی کو بنیادی علم سے آگاہی ہوجاتی ہے۔سائل کے اس بارے میں چند سوالات ہیں، امید ہے کہ جواب سے نوازیں گے۔ ❶ اس سہ سالہ نصاب میں کون سی کتابیں رکھی گئی ہیں ❷ اس کا طریقۂ امتحان کس طرح ہے ❸ کیا یہ ''وفاق المدارس'' سے منسلک تمام مدارس میں رائج ہوگا یا اس کے لیے کچھ شرائط رکھی گئی ہیں۔امید ہے آپ صاحبان مذکورہ